اخبارنامہ
AKHBARNAMA
Odisha's First & Only Urdu Daily

RNI. Regd. No.-ODIURD/2011/39450 P

VOL.NO.9, ISSUE- 29, SUNDAY, 22 SEPTEMBER 2019, BHUBANESW

کشمیری شاعر ساگر نذیر ساہتیہ اکادمی ایوارڈ سے سرفراز

سری نگر (یو این آئی) وادی کشمیر سے تعلق رکھنے والے جواں سال شاعر ساگر نذیر کو ساہتیہ اکادمی کے 'یووا پرسکار ایوارڈ' سے نوازا گیا ہے۔ ساہتیہ اکادمی کے ایگزیکٹیو بورڈ نے ساگر نذیر کو ان کی تصنیف 'اقرار آگّو' کے لئے یووا پرسکار ایوارڈ 2019 کے لئے نامزد کیا تھا۔ آسام کے [illegible] گڑھ میں ہونے والی ایک تقریب میں ساگر نذیر کو یووا پرسکار ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ انہیں انعام میں پچاس ہزار روپے کی رقم، ایک توصیفی سند اور ایک مومنٹو عطا کیا گیا ہے۔ شمالی کشمیر کے ضلع بارہمولہ کے [illegible] علاقے سے تعلق رکھنے والے ساگر نذیر کشمیری زبان کے ممتاز شاعر، افسانہ نگار اور مترجم ہیں۔ انہیں چھ قلم کاروں میں سے اس پر وقار ایوارڈ کے لئے نامزد کیا گیا تھا۔ ساگر نذیر نے بتایا کہ وہ کشمیری زبان و ادب کے فروغ کے لئے کام کرتے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا: 'میں پچھلے کئی برسوں سے کشمیری زبان و ادب کے لئے کام کر رہا ہوں۔ انشاء اللہ آگے بھی جاری رکھوں گا۔ یہاں بہت نوجوان ہیں جو لکھتے ہیں میں چاہتا ہوں کہ میرے اس ایوارڈ سے ان کے شوق اور جذبے میں اضافہ پیدا ہو۔ یہ ایوارڈ اصل میں کشمیری زبان کو ملا ہے'۔ ایک متوسط گھرانے سے تعلق رکھنے والے ساگر نذیر کو اپنی کشمیری شاعری کی بدولت کافی شہرت نصیب ہوئی ہے۔ ان کے لکھے کشمیری گانے وادی کے گھر گھر میں مشہور بھی ہیں اور سنے بھی جاتے ہیں۔ انہوں نے کئی مشہور کشمیری گلوکاروں کے لئے گیت تحریر کئے ہیں ان میں [illegible] خاص طور پر قابل ذکر ہیں جنہیں ریڈیو کشمیر بھی وقتاً فوقتاً نشر کیا جاتا ہے۔ ساگر نذیر نے کئی کتابیں، جن میں سے بیشتر شعری مجموعے ہیں، تصنیف کی ہیں۔ ان تصانیف میں 'اقرار آگّو'، [illegible] خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔